سوال نمبر:12610

منجانب:۔ محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخواہ۔

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ ڈاکٹر صاحبان اپنے ذاتی کلینک چلاتے ہیں اور مہنگے داموں مریضوں کا علاج کرتے ہیں؟	اس کا جواب جز (ب) میں ملاحظہ ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ذاتی کلینک کی اجازت کس قانون کے تحت کن حکام کے احکامات پر دی جاتی ہے نیز ڈاکٹر صاحبان جو فیس وصول کرتے ہیں اُس کا تعین کون کرتا ہے آیا اس کیلئے کوئی سرکاری سطح پر پیمانہ مقرر کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	اس سلسلے میں عرض ہے کہ صوبے میں ڈاکٹر حضرات ذاتی کلینک چلاتے ہیں لیکن کلینک چلانے کا اختیار صرف مستند اور PMDC سے رجسٹرڈ ڈاکٹرز کو ہوتا ہے۔ چونکہ PMDC کے Code of Ethics 2002 کے مطابق ڈاکٹرز کو Private practice کرنے کی اجازت ہے ان مستند ڈاکٹرز کو کلینکس چلانے کا اختیار ہیلتھ کیئر کمیشن دیتا ہے جو ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2015 کے تحت ان مستند ڈاکٹرز کی رجسٹریشن کراتا ہے ڈاکٹرز کلینکس میں فیس وصول کرتے ہیں لیکن فیس مقرر کرنے کا کوئی قانون ابھی تک نہیں بنایا گیا ہے تاہم اگر معزز اراکین اسمبلی کو کوئی خاص شکایت ہو تو بتادیں اس پر ایکشن لے لیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner